جب اللہ تعالی کسی بندے کے ساتھ بھلائی چاہتا ہے تو اسے اس کی موت سے پہلے استعمال کرتا ہے

عمر جمعی رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ ﷺ نے ارشاد فرمایا: ”جب اللہ تعالی کسی بندے کے ساتھ بھلائی چاہتا ہے تو اسے اس کی موت سے پہلے استعمال کرتا ہے“ کسی نے پوچھا کہ استعمال سے کیا مراد ہے؟ تو آپ ﷺ نے ارشاد فرمایا: ”اللہ عزّ وجلّ اس کے مرنے سے پہلے اسے نیک عمل کی توفیق دے دیتا ہے“

[صحیح] [اسے امام احمد نے روایت کیا ہے]

بے شک اللہ تعالی جب کسی بندے کے ساتھ بھلائی چاہتا ہے تو اسے اس کی موت سے پہلے نیک عمل کی توفیق دے دیتا ہے تاکہ اس کی وفات اس عمل پر ہو اور اسے حسنِ خاتمہ نصیب ہو جائے اور وہ انجامِ کار کے طور پر جنت میں داخل ہوجائے

http://sunnah.global/hadeeth/ur/show/11203